© rasailojaraid.com



۲ہزار کتابیں لکھی ہیں۔ کتاب میں ان کے مفصل حالات بھی ملتے ہیں۔(مسلم سجاد)

## تعارف کتب

◉ **امام لاہوری کے رسائل**، مرتبہ: مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی، خالق آباد، ضلع نوشہرہ (سرحد)۔ صفحات: ۳۴۴۔ قیمت: درج نہیں۔[مولانا احمدعلی لاہوری مرحوم ومغفور نے طویل عرصے تک قرآن کی تدریس اور اسلامی تعلیمات کی ترویج کے لیے اندرون لاہور میں خدمات انجام دیں۔ اس ضمن میں نہ صرف وعظ وتلقین سے کام لیا، بلکہ ایک گراں قدر تحریری ورثہ بھی چھوڑا جس میں اسلام کی حقانیت اور جملہ مسائل ومعاملات پر رہنمائی موجود ہے۔ مولانا احمدعلی مرحوم کے ان رسائل کو کتابچوں کی صورت میں صدیقی ٹرسٹ کراچی نے شائع کیا تھا۔ یہ کتابچے اس مجموعے میں یک جا پیش کردیے گئے ہیں، جن میں مختلف مسائل کو اختصار کے ساتھ قرآن وسنت کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے۔]

◉ *Islam and Service for Mankind*، مولانا سید جلال الدین عمری۔ ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی، نئی دہلی، بھارت۔ صفحات: ۱۸۴۔ قیمت: ۱۱۰ روپے بھارتی۔[فی زمانہ خدمت کا تصور بھی وسیع ہوگیا ہے۔ عالمی پیمانے پر بڑی بڑی انجمنیں بڑے بڑے بجٹوں کے ساتھ خدمتِ خلق کا فریضہ انجام دے رہی ہیں۔ اسلام میں خدمتِ خلق کا بہت جامع اور وسیع تصور موجود ہے۔ اس کتاب میں خدمتِ خلق کے تمام پہلو سیرحاصل انداز سے بیان کیے گئے ہیں۔ انفرادی واجتماعی دائروں کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ دین کا یہ تصور معاشرے میں رائج ہو تو خیروبرکت کا باعث ہو۔ کتاب اُردو میں اسلام میں خدمت کا تصور کے نام سے پہلے شائع ہوچکی ہے۔(مفصل تبصرہ، ترجمان القرآن، فروری ۲۰۰۷ء)۔]

◉ اکلوتا فرزند ذبیح: **اسحٰقؑ یا اسمٰعیلؑ**، عبدالستار غوری، ڈاکٹر احسان الرحمٰن غوری۔ اُردو ترجمہ: عثمان سبحان غوری، ڈاکٹر احسان الرحمٰن غوری۔ ناشر: المورد، ۵۱-کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔[مصنفین نے ثابت کردیا ہے کہ 'ذبیح' فی الواقع حضرت اسماعیلؑ ہی تھے (انگریزی کتاب پر تفصیلی تبصرے کے لیے دیکھیے: ترجمان القرآن، نومبر ۲۰۰۸ء)۔]

◉ **کھلتی کلیاں، مہکتے پھول**، فرید بروہی۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی۔ ملنے کا پتا: مکتبہ معارف اسلامی، ڈی-۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۶۸۰۹۲۰۱-۰۲۱۔ صفحات: ۷۱۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ ['بچیوں کی تربیت، ایک نسل کی تربیت' کے مصداق خصوصی توجہ کی متقاضی ہے۔ نوعمر بچیوں کے لیے کہانی اور گفتگو کے خوب صورت اور دل چسپ پیرایے میں اخلاق وکردار کو سنوارنے، شخصیت سازی اور روزمرہ آداب سکھانے کے لیے مفید کہانیاں۔]

---

© rasailojaraid.com